04.12.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

..................................

☆ بی جے پی کے رہنما دویندر فڑنویس کو کل ممبئی کے آزاد میدان میں مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف دلایا جائے گا۔

☆ خلائی تحقیق سے متعلق بھارت کی تنظیم ISRO آج تیسرے پہر سری ہری کوٹہ میں واقع ستیش دھون خلائی مرکز سے یوروپی خلائی ایجنسی کے سیارچے PROBA-3 کو خلاء میں بھیجے گا۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج اوڈیشہ میں پوری میں بحریہ کے دن کی سالانہ تقریبات میں شرکت کریں گی۔

☆ کویت کے وزیر خارجہ عبداللہ علی Al-Yahya آج وزیراعظم نریندر مودی سے گفتگو کریں گے۔

☆ امرتسر میں دربار صاحب میں ایک شخص نے شرومنی اکالی دَل کے رہنما سکھبیر سنگھ بادل پر گولی چلائی، جس میں اُن کو کوئی چوٹ نہیں آئی۔

☆ آج شام مسقط میں مردوں کے جونیئر ہاکی ایشیا کپ کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Maha CM-Devendra Fadnavis**

سینئر بی جے پی رہنما دیویندر فڑنویس کا مہاراشٹر ریاست کا اگلا وزیر اعلیٰ بننا طے ہے۔ وہ کل ممبئی میں وزیر اعظم نریندر مودی اور اتحاد کے دیگر سینئر رہنماؤں کی موجودگی میں تیسری مرتبہ مہایوتی کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کی ممبئی میں آج کور کمیٹی کی میٹنگ میں انہیں مرکزی وزیر خزانہ محترمہ نرملا سیتارمن اور گجرات کے سابق وزیراعلیٰ وجے روپانی کی موجودگی میں، جنہیں مرکزی مشاہد کے طور پر مقرر کیا گیا تھا، قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا۔ ایم ایل اے چندر کانت پاٹل اور سدھیر Mungantiwar نے جناب فڑنویس کے نام کی تجویز پیش کی تھی، جس کی حمایت سبھی نومنتخبہ قانون سازوں نے کی۔

**LS-Railways Vaishnaw**

ریلویز کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ریلوے پٹریوں کو جدید ٹکنالوجی سے مطابقت رکھنے کے لیے مسلسل اپ گریڈ کیا جارہا

ہے۔ لوک سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران آج ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ آٹومیٹک ٹرین پروڈکشن سسٹم Kavach کو فروغ دیے جانے کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ ایک اور ضمنی سوال کے جواب میں وزیر موصوف نے کہا کہ ریلوے کا مقصد ہر مسافر کے لیے سفر کو سبسڈائز بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سبھی مسافروں کا مرکز کے ذریعہ فراہم کی گئی کُل سبسڈی کے تحت احاطہ کیا گیا ہے۔

**LS-Gates**

لوک سبھا سکریٹریٹ نے پارلیمنٹ کے اراکین سے درخواست کی ہے کہ وہ پارلیمنٹ ہاؤس کے گیٹس کے باہر احتجاج یا دھرنے نہ کریں۔ اُس نے کہا ہے کہ اِس طرح کی کارروائیاں ایوان کے اجلاس کے دوران پارلیمنٹ چیمبرس تک ممبروں کے آنے جانے میں شدید رکاوٹ کا سبب بنتی ہیں۔ اُس نے اِس ضمن میں لوک سبھا اسپیکر کے ذریعہ جاری کی گئی ہدایات کی سمت بھی توجہ دلائی ہے۔

**LS-Scindia BSNL**

مواصلات کے وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ 2019 میں حکومت کی جانب سے بی ایس این ایل کو دیے گئے نظر ثانی شدہ توسیعی پیکیج نے نقصان میں جانے والی اِس ٹیلی کام کمپنی کو فائدہ دینے والی بنادیا ہے۔ آج لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کے جواب میں جناب سندھیا نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی لیڈر شپ کے تحت یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ بی ایس این ایل کے 50 ہزار سے زیادہ ملازمین کی دیکھ بھال کرے۔

**Isro-PSLV C-29 Launch**

بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو، آج سہ پہر چار بج کر آٹھ منٹ پر PSLV-C59-Proba 3 مشن خلاء میں بھیجے گی۔ یہ مشن سری ہری کوٹہ میں قائم ستیش دھون خلائی مرکز سے بھیجا جائے گا۔ Proba 3، اِسرو کا، نیو اسپیس انڈیا لمیٹڈ، تجارتی مشن ہے۔ PSLV-C59، یوروپ کی خلائی ایجنسی کے Proba 3 سیارچوں کو، انتہائی بیضوی مدار میں پہنچائے گا۔ اس کیلئے اُلٹی گنتی کل دوپہر دو بج کر 38 منٹ پر شروع کی گئی تھی، جو لگاتار جاری ہے۔

**Odisha Prez Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج صبح اڈیشہ میں پوری کے مقدس شہر میں 12ویں صدی کے شری جگناتھ مندر کا دورہ کیا۔ انہوں نے مندر میں بھگوان جگناتھ، بھگوان بال بھدر اور دیوی سبھدرا کی پوجا ارچنا کی اور اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی اور دیگر معزز شخصیات کے ساتھ احاطہ کا دورہ کیا۔ صدر جمہوریہ نے پوری میں گوپ بندوھو آیوروید مہاودیالیہ کے 75 ویں جلسہ تقسیم اسناد میں بھی شرکت کی۔صدر جمہوریہ آج پوری میں ہیں اور وہ آج بھارتی بحریہ کی جانب سے منعقد بحریہ کے سالانہ دن کے موقع پر بلیو فلیگ بیچ میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گی۔یہ دن 1971 کی جنگ کے دوران بحریہ کی فیصلہ کُن کارروائی Trident کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ان تقریبات میں 15 بحری جہاز، آبدوزیں اور 40 سے زیادہ طیارے کرتب دکھائیں گے، جس میں بحری کمانڈوز اور بھارتی بحریہ کا عملہ بھی حصہ لے گا۔ بحریہ کی صلاحیتوں اور بھارت کے سمندر سے متعلق مفادات کی حفاظت کیلئے خود کو وقف کردینے کو اجاگر کرنے کے مقصد سے اس تقریب میں MiG-29K اور

Hawk جنگجو جیٹ طیارے فضائی کرتب دکھائیں گے۔ MARCOS کی طرف سے جنگی مشقیں، آبدوز کی کارکردگی، زمین اور پانی پر اُترنے اور جنگی جہازوں سے راکٹ داغے جانے کی مشقیں پیش کی جائیں گی۔

**PM-Navy**

وزیر اعظم نریندر مودی نے بحریہ کے دن کے موقع پر بھارتی بحری حکام کو اپنی نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے لکھا ہے کہ بحریہ کے مستعد اہلکاروں نے ملک کے سمندروں کا، حوصلے اور عزم کے ساتھ تحفظ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اُن کا یہ عہد تحفظ، سلامتی اور ملک کی خوشحالی کو یقینی بناتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارتیوں کو بحریہ کی مالا مال بحری تاریخ پر نہایت فخر ہے۔

**Kuwait FM**

کویت کے وزیر خارجہ عبداللہ علی Al Yahya آج نئی دِلی میں وزیراعظم نریندر مودی سے بات چیت کریں گے۔ وہ شام کو وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے بھی ملیں گے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ نے کہا کہ اس دورے سے بھارت-کویت کثیر جہتی تعلقات میں اور زیادہ استحکام پیدا ہوگا۔وہ کل رات بھارت کے دو روزہ دورے پر نئی دلّی پہنچے تھے۔

**Rev. Amritsar-FD CM Badal**

پنجاب کے سابق نائب وزیر اعلیٰ سکھبیر سنگھ بادل پر آج امرتسر میں گولڈن ٹیمپل کی داخلی جگہ پر ایک قاتلانہ حملہ کرنے کی کوشش کی گئی۔ تاہم وہ بال بال بچ گئے۔ جناب بادل جنہیں حال ہی میں شری اکال تخت کی طرف سے سزا سنائی گئی تھی۔ داخلی دروازے پر وہیل چیئر پر بیٹھے تھے،تبھی یہ کوشش کی گئی۔ حملہ کرنے والے شخص کی شناخت نارائن سنگھ کے طور پر کی گئی ہے، جس نے انہیں گولی مارنے کی کوشش کی۔ ایس جی پی سی کے سیواداروں اور سیکورٹی حکام نے تبھی اُسے پکڑلیا جب اُس نے انہیں گولی مارنے کے لیے اپنا ریوالور نکال لیا تھا۔ چلائی گئی گولی گیٹ کے دیوار پر لگی۔ اِس دوران امرتسر پولیس کمشنر گروپریت سنگھ بھلّر نے کہا ہے کہ جناب بادل پر نارائن سنگھ نے قاتلانہ حملہ کیا، جو ایک دہشت گرد ہے اور اُسے گرفتار کرلیا گیا ہے۔ سابق ممبر پارلیمنٹ اور جناب بادل کی اہلیہ محترمہ ہرسمرت کور بادل بھی گولڈن ٹیمپل پہنچ گئی ہیں۔

**Sukhbir Attack Reax**

مرکزی وزیر Raneet سنگھ بٹو نے پنجاب میں گولڈ ٹیمپل میں شرومنی اکالی دل رہنما سکھبیر سنگھ بادل پر حملے کی مذمت کی ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا بات کرتے ہوئے جناب بٹو نے اِس واقعہ کی تحقیقات کئے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔کانگریس رہنما رینوکا چودھری نے کہا ہے کہ گولڈن ٹیمپل جیسی مقدس جگہ پر اِس طرح کا واقعہ پیش آنا نہایت افسوسناک ہے۔

**Hockey**

ہاکی میں بھارت آج شام عمان کی راجدھانی مسقط میں مردوں کی جونیئر ایشیا کپ ہاکی کے فائنل میں روایتی حریف پاکستان کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔ دفاعی چمپئن بھارت کا مقصد جو اِس ٹورنامنٹ میں کوئی میچ نہیں ہارا ہے اپنا پانچواں خطاب اور اِس مقابلے میں لگاتار تیسری مرتبہ کامیابی حاصل کرنا ہوگا۔